CAREERINDIA

Question Paper Serial No. 10

# D

**CCE PF**
**CCE PR**
**Revised & Unrevised**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : First Language – URDU

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh& Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 27. 03. 2020 ] [ Date : 27. 03. 2020
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولیے

یہاں سے کاٹیے

Tear here

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



I. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کرکے لکھئے : 10 × 1 = 10

1. ایسا جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو۔

A) جملۂ اسمیہ B) جملۂ فعلیہ

C) مفرد جملہ D) مرکب جملہ

2. نارِ نمرود کو کیا گلزار

دوست کو یوں بچا لیا تُو نے

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

A) صنعتِ تضاد B) صنعتِ تکرار

C) صنعتِ تلمیح D) صنعتِ استعارہ

3. استعارہ لفظ مستعار سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں

A) ادھار لینا B) خریدنا

C) تشبیہہ دینا D) فروخت کرنا

4. ایسی نظم جس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا بیان ہو۔

A) شخصی مرثیہ B) کربلائی مرثیہ

C) مسدس D) مخمس

5. رباعی کا کونسا مصرعہ حاصل کلام ہوتا ہے۔

A) پہلا B) دوسرا

C) تیسرا D) چوتھا

6. ''ناصر گھوم گھام کر آیا'' اس جملہ میں مسند الیہ ہے۔

A) گھوم B) آیا

C) ناصر D) گھام

www.careerindia.com

CAREERINDIA



7. عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتداء اس صنف سے کرتے ہیں۔

A) حمد B) مناجات

C) نعت D) قصیدہ

8. وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے۔

A) جملہ اسمیہ B) جملہ فعلیہ

C) جملہ خبریہ D) جملہ انشائیہ

9. غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔

A) بیت الشعر B) بیت الغزل

C) بیت الشعراء D) بیت العجم

10. کلام میں متضاد الفاظ استعمال کئے جائیں تو وہ صنعت کہلاتی ہے۔

A) صنعتِ تکرار B) صنعتِ تشبیہ

C) صنعتِ تلمیح D) صنعتِ تضاد

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : 5 × 1 = 5

11. آلہ : اوزار :: اعلیٰ : .................

12. شیریں : تلخ :: شب : .................

13. عمل : اعمال :: رسم : .................

14. پہاڑ ٹوٹنا : مصیبت پڑنا :: پروان چڑھنا : .................

15. بدکار : سابقہ :: جہانگیر : .................



www.careerindia.com

CAREERINDIA



III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :  8 × 1 = 8

16. ترِی مورتی ہاؤس میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟

17. مولانا ابوالکلام آزادؔ کے مطابق آزاد رہنا کس کا حق ہے ؟

18. ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے ؟

19. پطرس بخاری کو لالہ جی نے دوسرے دن صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟

20. کلیاں کب ہنس پڑتی ہیں ؟

21. شاعر جوشؔ ملیح آبادی کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہے ہیں ؟

22. تلوک چند محرومؔ کے مطابق مذہب کی زباں پر کونسا پیغام ہے ؟

23. ابتداء میں نسل آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟

IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :  15 × 2 = 30

24. اماں سردیوں کے موسم میں کیا کرتی تھیں ؟

25. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام پر گذری ؟

26. ودیا چرن جی کی اہنسا کی باتیں سن کر مولانا رجب نے کن خیالات کا اظہار کیا ؟

27. کشمیر کی معشیت کا انحصار کونسی کاشتکاریوں پر ہے ؟

28. بیماروں کے علاج کے لئے زعفران کس طرح فائدہ مند ہے ؟

29. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

30. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟

31. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

32. ''مچھر کا الٹی میٹم'' نظم میں مچھر اپنی نسل کے بارے میں کیا کہتا ہے ؟

33. اعجازؔ احسنی نے سماج کی کس بُرائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

34. مولانا آزاد کے سامنے فرض کی راہیں کتنی ہیں ؟ اور کون کونسی ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



35. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

36. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حسینؓ کا کیا ردِعمل تھا ؟

37. سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟

38. ذیل کے جملوں کے خط کشیدہ الفاظ کو ہدایت کے مطابق تبدیل کیجئے :

(a) ہم کو جنت کی حقیقت معلوم ہے۔ (ضد)

(b) مرزا غالبؔ غزل کے بادشاہ تھے۔ (جمع)

V. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 14 × 3 = 42

39. امام ملغوبہ کس طرح تیار کرواتی تھیں ؟

40. مولانا آزاد کم اور نرم الفاظ میں کیا کہنا چاہتے ہیں ؟

41. رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کونسے اقدامات کرنے چاہیئے ؟

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

42. ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

43. ''تم نے ہر خط میں مجھے اُردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا۔''

44. ''آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔''

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

45. مولانا ابوالکلام آزادؔ

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

46. ماہرؔ القادری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح لکھئے :

47. بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی



www.careerindia.com

CAREERINDIA



48. سب کا تو مداوا کر ڈالا ، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

49. آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا
اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :**

50. درج ذیل الفاظ سے تین قوافی کو جوڑیاں بنایئے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رشوت | اکرام | مجنونانہ | فریب | بھاؤ | قیمت |
| شوخ | تاؤ | بھول | پاگل خانہ | زنداں | دیکھا |

51. جملۂ اسمیہ کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔

52. صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔

**یا**

صنعتِ تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی دو ارکانِ تشبیہ لکھئے۔

VI. **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** 5 × 4 = 20

53. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

**یا**

مرثیہ کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔

54. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :**

(i) جگنو (ii) مچھر کا الٹی میٹم

55. حجۃ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے مسلمانوں کو کیا پیغام دیا ؟

56. امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

**یا**

ودیا چرن جی کے آپریشن کے بعد کس طرح محبت کے بول نکل رہے تھے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



57. درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

تاریخ ماضی کا آئینہ ہے۔تاریخ انسانی زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتی ہے۔تاریخ ذہن انسانی کی روح ہے اور واقعات تاریخ کے ظاہری مظاہرات ہیں۔کسی بھی قوم، ملک یا زمانہ کی تہذیب وتمدن،علوم وفنون،عروج وزوال، رسم ورواج یا عادات واخلاق سے متعلق جاننا ہوتو تاریخ کا سہارا لیا جاتا ہے۔تاریخ نویسی مسلمانوں کا خاص فن ہے۔عربوں نے تاریخ نویسی میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔اس میدان میں اُن کے دو بڑے احسانات ہیں۔ پہلا سند، دوسرا وقت یا زمانہ کا تعیّن۔واقعات کی صداقت کے لئے سند ضروری ہے جو تاریخ کی اصل روح ہے۔دورانِ تدوین احادیث سند کا باقاعدہ علم وجود میں آیا۔عربوں سے قبل زمانے کا تعین کبھی حضرت عیسیٰؑ کی ولادت سے تو کبھی حضرت عیسیٰؑ کی وفات سے کیا جاتا ہے۔لیکن عربوں نے ہجری کی ابتدا کی جو اسلامی تقویم تھی آج بھی رائج ہے۔ابن خلدون نے تاریخ کی بنیاد رکھی۔انہوں نے اپنے مقدمے میں علم تمدن پر باریک بینی سے روشنی ڈالی ہے۔

سوالات :

(i) تاریخ کا سہارا کس لئے لیا جاتا ہے ؟

(ii) تاریخ کی بنیاد کس نے رکھی اور واقعات کی صداقت کے لئے کیا ضروری ہے ؟

VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : 1 × 5 = 5

58. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر کرتے ہوئے دُعاء کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے محلے کے کارپوریٹر/ممبر کے نام ایک خط لکھئے جس میں بارش کے رُکے پانی سے ہو رہی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے صفائی کرانے کی درخواست کی گئی ہو۔

VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5

59. تعلیم کے ساتھ جسمانی ورزش بھی ضروری ہے۔

یا

موبائل فون کے فائدے اور نقصانات۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA



www.careerindia.com